www.KitaboSunnat.com

کتاب کا مقدمہ سید سلیمان ندویؒ نے لکھا ہے۔ پہلی بار یہ کتاب ۳۸ ۱۹ء میں شائع ہوئی مگر جلد ہی نایاب ہوگئی۔ طویل عرصے کے بعد جمعیت طلبہ اہلِ حدیث نے یہ کتاب دوبارہ شائع کی ہے۔ مرتب کا اندازِ بیان دلچسپ ہے اور خصوصاً خانوادہ ولی اللہی کا ذکر جس والہانہ انداز سے کیا گیا ہے قابلِ مطالعہ ہے جا بجا اشعار سے عبارت میں رنگینی پیدا کی گئی ہے۔ کتاب قابلِ مطالعہ ہے

نام کتاب ---------- محمد رسول اللہؐ ——— غیر مسلموں کی نظر میں

جمع و ترتیب ---------- محمد حنیف یزدانی ——— صفحات، ۲۱۲ ——— طباعت ---------- گوارا

قیمت مجلد ---------- ۵ روپے ——— ناشر: مکتبہ نذیریہ الپتگین سٹریٹ مکان ۱۲۹ اچھرہ لاہور

عربی کا مشہور مقولہ ہے ——— الفضل ما شهدت به الاعداء

محمد حنیف یزدانی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم سے متعلق غیر مسلم مستشرقین اور راہنماؤں کے خیالات جمع کیے ہیں۔ کتاب واضح طور پر تین حصوں میں منقسم ہے۔ نبی اکرمؐ، قرآن اور صحابہؓ (غیر مسلموں کی نظر میں) دو چار نو مسلموں کے قبولِ اسلام کی ایمان افروز کہانی بھی پیش کی گئی ہے۔

قرونِ وسطیٰ میں عیسائی پادریوں نے یورپ میں مسلمانوں کی ایسی تصویر پیش کی کہ:

بوئے خوں آتی ہے اس قوم کے فسانوں سے

مگر گزشتہ صدی ڈیڑھ میں یہ طلسم ٹوٹ چکا ہے۔ کارلائل نے اس طلسم کو توڑنے کی پہلی کوشش کی اور پھر غیر مسلم مستشرقین کے لیے مخالفت کے باوجود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت سے انکار ناممکن ہوگیا۔ کتاب میں درج آراء و خیالات پڑھنے سے بجا طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ لوگ نبی اکرمؐ کو محسنِ انسانیت اور عظیم راہنما قرار دیتے ہیں، تو اسلام ہی کیوں نہیں قبول کر لیتے۔ بات دراصل یہ ہے کہ ان لوگوں نے نبی اکرمؐ کو محض ایک عرب راہنما کی حیثیت سے مطالعہ کیا اور قرآن کریم کو شخصی افکار و خیالات سے تعبیر کیا۔ اس ذہنی پس منظر کے لوگوں سے یہ توقع عبث ہے کہ وہ حلقۂ اسلام میں داخل ہو جاتے۔ تاہم جن سعید روحوں نے قرآن کریم کو الہامی کتاب کے طور پر مطالعہ کیا وہ اسلام کی گود میں آگرے۔

ایک غیر مسلم کا یہ قول ان لوگوں کے لیے سرمۂ بصیرت ہے جو قرآن کو محض اخلاقی کتاب قرار دیتے ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ